# کنٹری انالیسیس رپورٹ

## تیرھواں ایڈیشن



accountabilitylab
PAKISTAN

مارچ

۱ تا ۱۳

# پیش لفظ

حالیہ دنوں میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کے باعث امن وامان سے متعلق موجود تحفظات کے باوجود سپریم کورٹ آف پاکستان نے ملک میں پارلیمانی جمہوریت کی اہمیت کے پیشِ نظر پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کے انتخابات (اسمبلیوں کی تحلیل کے) 90 دن کے اندر کروانے کا حکم جاری کیا ہے۔ سابق وزیر اعظم عمران خان کے دو مقدمات میں عدالت میں حاضری میں ناکامی پر ناقابل ِناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہو گئے ہیں۔ جن مقدمات میں وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے ہیں، ان میں توشہ خانہ ریفرنس کیس اور مبینہ طور پر خاتون سیشن جج زیبا چوہدری کو دھمکانے کے مقدمات شامل ہیں۔ پاکستان نے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ اپنے قرض کے پروگرام کی بحالی کے لیے امریکہ سے مدد طلب کی ہے جبکہ وزیرِ خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے آئی ایم ایف پر پاکستان کے ساتھ پروگرام کی بحالی میں غیر مناسب رویے پر تنقید کی ہے۔ وزیرِ خزانہ اسحاق ڈار نے معاشی چیلنجز کے باوجود پاکستان کی مزاحمت پر اعتماد کا اظہار کیا اور پاکستان کے قرضوں کی ادائیگی میں ناکامی پر دیوالیہ ہونے کے خدشے کو مسترد کر دیا۔

دیگر خبروں میں، اسلام آباد میں ہونے والے چھٹے سالانہ عورت مارچ میں تشدد کا پہلو اس وقت دیکھنے میں آیا جب پولیس نے مارچ کے شرکا پر لاٹھی چارج کیا۔ نور مقدم کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے ظاہر جعفر کی سزائے موت کے فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے 25 سال کی جیل کی سزا کو دوسری مرتبہ سزائے موت میں تبدیل کر دیا۔

امریکی انٹیلی جنس کمیونٹی کی سالانہ تھریٹ اسسمنٹ رپورٹ (Annual Threat Assessment Report) میں پاکستان کو بھارت اور پاکستان کے درمیان بڑھتے ہوئے تناؤ کے بارے میں خبردار کیا ہے، جس میں متنازعہ کشمیر کے علاقہ کو ممکنہ فلیش پوائنٹ قرار دیا ہے۔ پاکستان اور افغانستان کے حکام نے طورخم سرحد پر تجارت اور لوگوں کی نقل و حرکت میں سہولت فراہم کرنے پر اتفاق کیا اور امریکی محکمہ خارجہ نے اپنے دیرینہ تنازعات کو حل کرنے کے لیے ہندوستان اور پاکستان کے لیے کردار ادا کرنے کا اظہار کیا ہے۔

# سیاسی پیش رفت

## سپریم کورٹ کا صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات 90دن کے اندر کروانے کا حکم:

سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخواہ(کے پی) کی صوبائی اسمبلیوں کو 90 روز میں انتخابات کرانے کا حکم دے دیا۔ اپنے حکم میں عدالت نے کہا، "پارلیمانی جمہوریت آئین کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک ہے۔ پارلیمنٹ یا صوبائی اسمبلیوں کے بغیر کوئی پارلیمانی جمہوریت نہیں ہو سکتی۔اس لیے انتخابات کا وقتاً فوقتاً انعقاد آئین کی بالادستی کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔" یاد رہے کہ قبل از وقت انتخابات کرانے کے لیے سابق وزیر اعظم عمران خان کی ہدایت پر اسمبلیاں تحلیل کی گئی تھیں۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے پنجاب میں 30 اپریل سے 7 مئی کے درمیان انتخابات کرانے کی تجویز کے بعد، پاکستان کے صدر ڈاکٹر عارف علوی نے ہدایت کی کہ پنجاب میں انتخابات 30 اپریل کو ہوں گے۔



Picture Source: Al-Jazeera

## پنجاب اور خیبر پختونخوا میں آئندہ انتخابات کے حوالے سے سیکیورٹی خدشات بڑھ گئے:

الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) کے آئندہ عام انتخابات کے لیے سیکیورٹی انتظامات پر غور کرنے کے لیے ہونے والے اجلاس کے دوران انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی)، انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) اور انسدادِ دہشت گردی محکمے کے نمائندوں نے انتخابات کو تین سے چار ماہ کے لیے ملتوی کرنے کی تجویز پیش کی۔ نمائندوں نے دہشت گردی کی کارروائیوں میں حالیہ اضافے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں سیکیورٹی کی موجودہ صورتحال انتخابات کے انعقاد کے لیے سازگار نہیں ہے۔ تاہم، پی ٹی آئی کی قیادت نے اس کی وجہ حکومت کی جانب سے انتخابات میں تاخیر کی کوشش کو قرار دیا۔

## چوہدری پرویز الٰہی پاکستان تحریک انصاف کے صدر مقرر:

حال ہی میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) میں شامل ہونے والے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو پارٹی کا صدر مقرر کر دیا گیا ہے۔

یہ اقدام ان کے گزشتہ ماہ دس سابق صوبائی اسمبلی کے اراکین کے ساتھ پی ٹی آئی میں باضابطہ شمولیت اختیار کرنے کے فیصلے کے بعد ہوا جو پنجاب کی سیاسی صورتحال کو قریب سے دیکھنے والوں کے لیے غیر متوقع نہیں تھا۔


پرویز الٰہی کا پی ٹی آئی میں شمولیت کا فیصلہ پاکستان مسلم لیگ قائد (پی ایم ایل-ق) کے پنجاب کے صدر کے عہدے سے برطرفی اور پارٹی کے صدر چوہدری شجاعت حسین کی جانب سے ان کی بنیادی رکنیت منسوخ کرنے کے بعد سامنے آیا۔

حال ہی میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) میں شامل ہونے والے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو پارٹی کا صدر مقرر کر دیا گیا ہے

## حکومتِ پاکستان نے پہلی مرتبہ توشہ خانہ کا ریکارڈ عوام کے سامنے پیش کر دیا:

لاہور ہائی کورٹ کی ہدایت پر پاکستان کی وفاقی حکومت نے سال 2002 سے توشہ خانہ (تحفے کے ذخیرے) کو عوام کے سامنے پیش کر دیا ہے، جو سابق صدور، وزرائے اعظم اور سرکاری افسران کو ملنے والے تحائف کے لیے سرکاری تحفے ذخیرہ کرنے کی جگہ ہے۔ یہ پہلا موقع ہے جب پاکستانی حکومت نے ایسے تحائف وصول کرنے والوں کا انکشاف کیا ہے۔

پاکستان کے سابق وزیر اعظم عمران خان پر الزام تھا کہ انہوں نے توشہ خانہ اور غیر ملکی سربراہان مملکت سے ملنے والے تحائف کو ظاہر نہیں کیا۔ ان پر توشہ خانہ ریفرنس کیس میں فرد جرم عائد کی گئی تھی اور 13 مارچ کو مقدمے کے لیے عدالت میں پیش نہ ہونے اور ایک خاتون سیشن جج کو مبینہ طور پر دھمکیاں دینے کے الزام میں ان کے دو ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے تھے۔



# معاشی پیش رفت اور اشاریے

## پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف):


مارچ کو پاکستان نے انتہائی ضروری بیل آؤٹ پیکج میں تاخیر کے بعد عالمی مالیاتی فنڈ کے ادارے سے قرض پروگرام کو بحال کرنے کے لیے واشنگٹن سے مدد حاصل کرنے کا فیصلہ کیا۔ حکومت کا دعویٰ ہے کہ اس نے بڑی شرائط پوری کرلی ہیں اور اس کا خیال ہے کہ عملے کی سطح کے معاہدے تک پہنچنے میں مزید تاخیر کی ضرورت نہیں ہے۔

آئی ایم ایف کے ساتھ 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کی گزشتہ سال سے تاخیر کا شکار 1 ایک اعشاریہ 2 ارب ڈالر کی نویں قسط کے حصول سے دوست ممالک سے قرض کے حصول بھی یقینی ہو جائے گا۔

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پاکستان کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کر رہا ہے، ان کا کہنا تھا کہ ملک کو بحرانوں کے "پرفیکٹ طوفان" کا سامنا ہے۔

## مشکلات کے باجود پاکستان کے وزیر خزانہ کا معاشی حالات پر اعتماد اظہار:

3 مارچ کو ایک پریس کانفرنس کے دوران وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے پاکستان کے قرضوں پر ممکنہ دیوالیہ ہونے کے بارے میں قیاس آرائیوں کی تردید کی اور یقین دلایا کہ ملک کے معاشی اشاریے مثبت انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں۔



Picture Source: DAWN

ڈار نے زر مبادلہ کے ذخائر میں اضافے کی بھی نوید سنائی اور کہا کہ غیر ملکی کمرشل بینک پاکستان کو سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان اپنی موجودہ معاشی مشکلات پر قابو پا لے گا۔

## عوامی رائے پر گیلپ پاکستان کی رپورٹ:

ایک تحقیقاتی ادارے گیلپ پاکستان کی پبلک پلس رپورٹ کے مطابق اس کے قومی نمائندہ سروے (3 سے 4 فیصد غلطی کی گنجائش کے ساتھ) کے اہم نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستانیوں کی اکثریت 62 فیصد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کو ملک میں موجودہ معاشی عدم استحکام کا ذمہ دار سمجھتی ہے۔

رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ 20 فیصد پاکستانی گزشتہ 6 ماہ میں اپنی ملازمتوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔

# امن و امان اور قانون کی حکمرانی

## تحریک طالبان پاکستان کی خیبر پختونخوا میں گرفت مضبوط ہونے کے باعث انتخابی عمل کے متاثر ہونے کا خدشہ:

تحریک طالبان (ٹی ٹی پی) پاکستان، جو پہلے کمزور ہو چکی تھی، معاشی مشکلات میں گھرے پاکستان کے لیے دوبارہ ایک اہم خطرہ بن کر ابھری ہے۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں کالعدم گروپ کی مضبوط موجودگی کے حوالے سے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے خدشات کا اظہار کیا گیا ہے کیونکہ پنجاب میں 30 اپریل کو متوقع انتخابات ہونے جا رہے ہیں۔

ملک میں سیکیورٹی کی ابتر صورتحال جمہوری عمل کو نقصان پہنچا سکتی ہے اور انتخابی عمل کو ممکنہ طور پر خطرے میں ڈال سکتی ہے

## کراچی میں پولیس ہیڈ کوارٹر حملے کا ماسٹر مائنڈ مارا گیا:

گزشتہ ماہ کراچی پولیس ہیڈ کوارٹر پر حملے کے ماسٹر مائنڈ کو ایک حالیہ سیکیورٹی آپریشن کے دوران ختم کر دیا گیا۔ پاکستان کے انسدادِ دہشت گردی کے محکمے کے مطابق ماسٹر مائنڈ ریاض اللہ اپنے ساتھیوں سمیت مارا گیا۔



## سبی بلوچستان میں خودکش حملہ:

مارچ کو ایک موٹر سائیکل پر سوار خودکش بمبار نے پاکستان کے شورش زدہ جنوب مغربی علاقے میں پولیس کے ایک ٹرک کو نشانہ بنایا۔ اس حملے کے نتیجے میں 10 پولیس اہلکار جاں بحق اور 12 دیگر زخمی ہوئے، یہ حالیہ دنوں میں سیکیورٹی فورسز پر ہونے والے مہلک ترین حملوں میں سے ایک ہے۔ عسکریت پسند گروپ تحریک جہاد جو حال ہی میں تشکیل پایا، نے کئی گھنٹے بعد جاری کردہ ایک بیان کے ذریعے حملے کی ذمہ داری قبول کی۔ یہ واقعہ صوبہ بلوچستان کے ضلع سبی میں واقع ایک پل پر پیش آیا۔

# سماجی شعبے کے اشاریے اور ترقی

## پاکستان کی قومی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے بنیادی صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات کو ترجیح دینا:

اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹوٹ (آئی پی آر آئی) اور ہیلتھ سروسز اکیڈمی نے حال ہی میں "ہیلتھ سیکیورٹی" کے عنوان سے ایک عظیم الشان قومی تقریب کا انعقاد کیا جس میں قومی سلامتی کو یقینی بنانے میں صحت کے اہم کردار پر زور دیا گیا۔ سابق وفاقی وزراء صحت اور صحت عامہ کے حکام نے خبردار کیا کہ پاکستان کی سلامتی کی ضمانت اس وقت تک نہیں دی جاسکتی جب تک کہ وہ بنیادی صحت کی دیکھ بھال، احتیاطی تدابیر اور صحت کے فروغ پر خرچ کرنے کو ترجیح نہیں دیتا۔

انہوں نے دوسرے اور تیسرے درجے کی صحت کی سہولیات کے قیام پر توجہ دینے کے بجائے بنیادی صحت کی دیکھ بھال کے لیے بجٹ مختص کرنے کی سفارش کی۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ اگلے آٹھ سالوں میں مجوزہ 5 فیصد اضافے کو حاصل کرنے کے لیے حکومت جی ڈی پی کا کم از کم 0.5 فیصد سالانہ صحت کی دیکھ بھال کے لیے مختص کرے۔

# ماحول اور موسمیاتی تبدیلیوں کی اپڈیٹس

## ماحولیاتی تبدیلیوں کی وفاقی وزیر شیری رحمان کے مطابق کہ پانی کی کمی پاکستان کا بنیادی مسئلہ ہے:

پاکستان کی وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیات نے ماحولیاتی نظام میں موجود تمام جانداروں بشمول انسانوں پر موسمیاتی تبدیلی کے تباہ کن اثرات پر تبادلہ خیال کیا۔ شیری رحمان نے اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے اس مسئلے کو فعال طور پر حل کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ بحث کے دوران وفاقی وزیر نے ماحولیات اور حیاتیاتی تنوع پر جنگ کے اثرات پر بھی روشنی ڈالی گئی اور یہ بھی بتایا گیا کہ یہ کس طرح موسمیاتی بحران کو بڑھاتا ہے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ تباہ کن سیلاب جس نے پاکستان کو متاثر کیا ہے وہ صرف پاکستان تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کے عالمی سطح پر بھی اثرات مرتب ہوں گے۔ شیری رحمان کے مطابق موسمیاتی بحران کی وجہ سے پاکستان کے لیے پانی کی کمی ایک اہم چیلنج ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس 2023 میں شرکت کے دوران کیا۔

پاکستان کی وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیات، شیری رحمان نے ماحولیاتی نظام کے اثرات کو کم کرنے کے لیے اس مسئلے کو فعال طور پر حل کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ بحث کے دوران وفاقی وزیر نے ماحولیات اور حیاتیاتی تنوع پر جنگ کے اثرات پر بھی روشنی ڈالی گئی اور یہ بھی بتایا گیا کہ یہ کس طرح موسمیاتی بحران کو بڑھاتا ہے۔



# انسانی حقوق کی صورت حال

## اسلام آباد میں عورت مارچ کے دوران تشدد:

8 مارچ کو دنیا بھر میں خواتین کا عالمی دن منایا جاتا ہے جو خواتین کو اپنے تحفظات اور آراء کے اظہار کا موقع فراہم کرتا ہے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ "عورت ہونے کا" جشن منایا جاتا ہے۔ پاکستان میں، ہزار خواتین چھٹے عورت مارچ میں شرکت کے لیے اسلام آباد، لاہور، ملتان اور حیدر آباد جیسے بڑے شہروں میں جمع ہوئیں۔ تاہم گزشتہ چند برسوں سے یہ مارچ تنازعات میں گھرا ہوا ہے۔

بد قسمتی سے، اس سال کے مارچ، اسلام آباد میں مظاہرین پر تشدد ہوا جب انہوں نے ممنوعہ علاقے میں جانے کی کوشش کی اور پولیس نے ان پر لاٹھی چارج کیا۔ وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے ٹوئٹر کے ذریعے اعلان کیا کہ شہریوں کے ساتھ ناروا سلوک کے ذمہ دار پولیس اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا ہے اور جو بھی واقعہ میں ملوث ہوا اس کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی




Picture Source: DAWN

## نور مقدم قتل کے مقدمے میں ظاہر جعفر کو دو مرتبہ سزائے موت سنادی گئی:

اسلام آباد ہائی کورٹ نے نور مقدم قتل کیس کے مرکزی ملزم ظاہر جعفر کی سزائے موت کو نہ صرف برقرار رکھا بلکہ ی 25 سال قید کی سزا کو بھی دوسری سزائے موت میں تبدیل کر دیا ہے۔ نور، جس کی عمر 27 سال تھی، کو 20 جولائی 2021 کو اسلام آباد کے سیکٹر ایف سیون فور میں ظاہر جعفر نے اپنی رہائش گاہ پر قتل کر دیا گیا تھا۔ اس سے قبل 24 فروری 2022 کو اسلام آباد کی سیشن عدالت نے ظاہر جعفر کو سزائے موت سنائی تھی۔



# خارجہ تعلقات

## پاک بھارت تعلقات:

کشمیر کا خطہ، جو ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک متنازعہ علاقہ ہے، دونوں حریفوں کے درمیان ایک ممکنہ فلیش پوائنٹ بنا ہوا ہے۔امریکی انٹیلی جنس کمیونٹی کی سالانہ تھریٹ اسسمنٹ رپورٹ میں پاکستان کو دونوں ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے بارے میں خبردار کیا گیا ہے۔۔رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک میں روایتی جنگ ہونے کا امکان موجود ہے جس میں متنازعہ کشمیر کا علاقہ ممکنہ فلیش پوائنٹ ہے۔امریکی انٹیلی جنس تھریٹ اسسمنٹ رپورٹ میں بھارت اور پاکستان کے درمیان امن کی خواہش کا اعتراف کیا گیا ہے۔تاہم،اس نے اس خدشے کا بھی اظہار کیا ہے کہ دونوں ممالک میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث امن کے حصول کی کوششوں میں خلل پڑ سکتا ہے۔

## پاک امریکہ تعلقات:

امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان، نیڈ پرائس نے بھارت اور پاکستان کے دیرینہ تنازعات کو حل کرنے کے لیے امریکہ کی طرف سے کردار ادا کرنے کا اظہار کیا ہے تاہم انہوں نے اس بات بھی پر زور دیا کہ اس طرح کے مذاکرات شروع کرنے کا فیصلہ دونوں پڑوسی ممالک کو خود کرنا چاہیے۔پرائس نے کہا کہ امریکہ شراکت دار ہونے کے لیے پر عزم ہے اور اس عمل میں ہر طرح سے مدد کرے گا جسے ہندوستان اور پاکستان مناسب سمجھیں گے۔

## پاک افغان تعلقات:

بدھ کو گمرک کے علاقے میں افغان کسٹم دفاتر میں ہونے والے پاک افغان بارڈر مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان اور افغانستان کے حکام نے طورخم بارڈر پر تجارت اور پیدل چلنے والوں کی نقل و حرکت میں سہولت فراہم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

اجلاس کے دوران، شرکاء نے 19 فروری کو افغان سرحدی فورسز کی طرف سے طورخم بارڈر کی حالیہ ایک ہفتہ کی یکطرفہ بندش پر تبادلہ خیال کیا۔بندش کی وجہ پاکستانی فورسز کی جانب سے افغان مریضوں کے ساتھ ناروا سلوک اور انہیں اور ان کی دیکھ بھال کرنے والوں کو بغیر ویزے کے افغانستان میں داخل ہونے سے روکنے کے مبینہ الزامات تھے۔



Picture Source: Pakistan Today